32662-حج کب فرض ہوا؟

سوال

کونسے ھجری سال میں حج فرض ہوا؟

پسندیدہ جواب

علماء کرام میں اختلاف ہے کہ حج کونسے ھجری سال میں فرض ہوا، ایک قول تویہ ہے کہ : پانچ ھجری میں فرض ہوا، اوریہ بھی کہا گیا ہے کہ چھ ھجری میں اوریہ بھی کہا گیا ہے کہ نو ھجری میں فرض ہوااورایک قول یہ بھی ہے کہ دس ھجری میں حج فرض ہوا، ان اقوال میں سے آخردوقول صحیح ہونے کے زیادہ قریب ہیں کہ حج نویادس ھجری میں فرض ہوا۔

اس کی دلیل اللہ تعالی کافرمان ہے :

.{اوراللہ تعالی کے لیے لوگوں پر بیت اللہ کا حج کرنا فرض ہے جوبھی اس کی راہ کی طرف استطاعت رکھتا ہو}..

لھذااس آیت میں حج کے فرض ہونے کی دلیل ہے اوریہ آیت نوھجری کے آخرمیں جسے عام الوفود بھی کہا جاتا ہے میں نازل ہوئی تواس طرح نوھجری کے آخرمیں حج فرض ہوا۔ دیکھیں : زادالمعاد(595/3)۔

واللہ تعالی اعلم۔

اللہ سبحانہ وتعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے.